زبان میری ہے بات اُن کی

☆ مجلس عمل والے اچھے لوگ ہیں، کسی کو تشویش نہیں ہونی چاہیے۔ (وزیر داخلہ معین حیدر)

مجبوری کا نام شکریہ!

☆ غربت کا خاتمہ کر دیں گے۔ (پرویز الٰہی)

پہلے بھی غریبوں پر آپ کی بڑی عنایت رہی ہے۔

☆ رکشا ڈرائیور نے ٹریفک کانسٹیبل کی پھینٹی لگا کر وردی پھاڑ دی۔ (ایک خبر)

کانسٹیبل نے' آئی جی کی ہدایت کے مطابق رکشا ڈرائیور کو 'السلام علیکم' نہیں کہا ہو گا۔

☆ عاصمہ جہانگیر کی کابل میں' کرزئی سے ملاقات۔ (ایک خبر)

کسی کابلی کی قرضئی ہو گی!

☆ پی سی او کے تحت حلف اٹھانے کو تیار ہوں۔ (طاہر القادری)

ہائے...... کسی نہ کسی طرح سیٹ مل جائے۔

☆ مولوی صرف نکاح اور جنازہ پڑھا سکتے ہیں، حکومت نہیں کر سکتے۔ (حیدر فاروق مودودی)

اپنے ابا کے بارے میں' نا خلف اولاد کے ریمارکس

☆ لیاقت بلوچ کی جیت میں' میرے ووٹ کی برکت بھی شامل ہے۔ (مفتی غلام سرور قادری)

صدقے جاواں پی پی برکتے دے۔

☆ پرائز بانڈوں سے حاصل شدہ آمدنی جائز ہے۔ (مفتی عبدالقوی)

جس طرح پھٹے ہوئے دودھ کا سوہن حلوہ بنا لینا جائز ہے۔

☆ علماء کی قدر کرتی ہوں، امید ہے وہ ڈانس پر پابندی نہیں لگائیں گے۔ (لیلیٰ)

لگائیں گے ورنہ دوزخ میں تمہارے ساتھ جائیں گے۔

☆ پاکستانی خواتین روزانہ دو کروڑ روپے' میک اپ پر ضائع کرتی ہیں۔ (ایک خبر)

تیرے چہرے پہ پف پاؤڈر بہت ہی خوب ہے لیکن
تو اس چہرے کو پردے میں چھپا لیتی تو اچھا تھا

☆ ظاہر شاہ، باتھ روم میں پھسل گئے، تین پسلیاں متاثر۔ (ایک خبر)

''تاریخ'' دھکا دے کر گزر گئی ہے۔

☆ حیرت ہے اڈے امریکہ کے ہیں، فکر بے نظیر کو ہے۔ (قاضی حسین احمد)

چور نالوں پنڈ کاہلی!

☆ طالبان پھر جڑ پکڑ رہے ہیں، امریکہ توجہ ادھر ہی رکھے۔ (حامد کرزئی)

بیساکھیوں کے سہاروں چلنے والوں کا یہی حال ہوتا ہے۔

☆ ہمارے پاس باریش پولیس افسر موجود ہیں، متحدہ کی حکومت سے فرق نہیں پڑے گا۔ (آئی جی پنجاب)

جتنا ظلم وتشدد پولیس کرتی ہے، صرف داڑھی وہاں کیا کرے گی!

☆ امریکہ میری کارکردگی سے خوش ہے، وزارت عظمیٰ چیلنج سمجھ کر قبول کروں گی۔ (زبیدہ جلال)

یعنی غلام ملک کے غلاموں کو ہانکنے کے لیے بطور لیڈی جیلر بہت اچھی کارکردگی رہی ہے۔

☆ شریف خاندان کو پتہ ہی نہیں وفاداری کیا ہوتی ہے؟ (پرویز الٰہی)

ہر سیاست دان ڈاکو، ہر سمگلر سربراہ

دل فرنگی، منہ تے ہر دم نعرۂ اسلام ہے

القاسم اکیڈمی کی تازہ ترین علمی اور تاریخی پیش کش

جمالِ یوسف رحمۃ اللہ علیہ

محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ کا تذکرہ وسوانح

تصنیف : مولانا عبدالقیوم حقانی

تحصیل اور تکمیل علم، فقر و درویشی، عبدیت و انابت، عشقِ رسول ﷺ و اتباعِ سنت، درس و تدریسِ حدیث، محدثانہ جلالت قدر، عظیم فقہی مقام، فضل و کمال، دینی و علمی کارنامے، سیرت و اخلاق، مجاہدانہ کردار، دعوت و تبلیغ، تصنیف و تالیف، قادیانیت کا فاتحانہ تعاقب، اعلاء کلمۃ الحق کے لئے مساعی و جہاد ...... الغرض دلچسپ، جامع اور بعض رُلا دینے اور عمل صالح کی انگیخت کرنے والے حیرت انگیز واقعات۔

صفحات : 350 .... قیمت : 120 روپے

القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد نوشہرہ، سرحد، پاکستان